زمبابوے کے خلاف سیریز سے قبل بابراعظم ورلڈ ٹی ٹونٹی رینکنگ میں دوسری پوزیشن پر پہنچ گئے

لاہور، 21 اپریل2021ء:

پاکستان اور زمبابوے کے خلاف ٹی ٹونٹی سیریز کے آغاز سے قبل انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین پلیئرز رینکنگ میں بابراعظم ٹی ٹونٹی فارمیٹ میں بلے بازوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ وہ عالمی ٹی ٹونٹی رینکنگ میں اپنی یہ پوزیشن برقرار رکھنے کے لیے زمبابوے کے خلاف بہترکارکردگی کا تسلسل برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے۔

پاکستان اور زمبابوے کے مابین ٹی ٹونٹی سیریز کے میچز 21، 23 اور 25 اپریل کو کھیلے جائیں گے۔ سیریز کے تمام میچز ہرارے اسپورٹس کلب میں کھیلےجائیں گے۔

قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابراعظم نے گزشتہ ہفتے جنوبی افریقہ کے خلاف مکمل ہونے والی ٹی ٹونٹی سیریز کے چار میچز میں مجموعی طور پر 210 رنز بنائے تھے۔ عالمی ٹی ٹونٹی رینکنگ میں چھٹی پوزیشن پر موجود جنوبی افریقہ کے باؤلرز کے خلاف اس عمدہ کھیل کی بدولت انہیں 34 ریٹنگ پوائنٹس سے نوازا گیا تھا،اس کارکردگی کی بدولت ہی انہیں عالمی پلیئرز رینکنگ میں ایک درجہ ترقی ملی ہے۔

گزشتہ ہفتے مکمل ہونے والی ٹی ٹونٹی سیریز کے آغاز سے قبل بابراعظم کے کُل ریٹنگ پوائنٹس کی تعداد 810 تھی جو کہ آسٹریلیا کے ایرون فنچ سے 20 پوائنٹس کم تھی تاہم عمدہ کارکردگی کی بدولت 34 ریٹنگ پوائنٹس حاصل کرنے والے بابراعظم کے مجموعی ریٹنگ پوائنٹس کی تعداد 844 ہوگئی ہے۔

دوسری طرف فخر زمان نے عالمی ٹی ٹونٹی رینکنگ میں 33ویں پوزیشن حاصل کرلی ہے۔ انہوں نے سیریز کے چار میچز کی دو اننگز میں 68 رنز بنائے تھے۔

پروٹیز کے خلاف سیریز کے تیسرے ٹی ٹونٹی میچ میں 73 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلنے والے وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان نے اپنے کیرئیر کی بہترین 15ویں پوزیشن حاصل کرلی ہے۔ سیریز کے اختتام پر ان کی پلیئرز رینکنگ میں 8 درجہ ترقی دیکھی گئی ہے۔

اس فارمیٹ میں باؤلرز رینکنگ میں شاہین شاہ آفریدی 11ویں، فہیم اشرف 12ویں، محمد نواز 24ویں اور حارث رؤف 43ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

WASH HANDS | KEEP THE DISTANCE | AVOID CROWD | WEAR MASK | COUGH IN THE ELBOW | KEEP HYDRATED | STAY AT HOME

Commercial Partners

Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial